روزنامہ

ٹیلی فون نمبر 047-6213029 FD-10

الفضل

ایڈیٹر: عبدالسمیع خان

Web: http://www.alfazl.org
Email: editor@alfazl.org

جمعرات 3 جولائی 2008ء 28 جمادی الثانی 1429 ہجری 3 / وفا 1387 ہش جلد 58-93 نمبر 150

ارشادات عالیہ حضرت بانی سلسلہ احمدیہ

جب انسان ان تمام قوتوں کو موقع اور محل کے لحاظ سے استعمال کرتا ہے تو اس وقت اس کا نام خلق رکھا جاتا ہے۔ اللہ جلشانہ ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو مخاطب کر کے فرماتا ہے۔ (۔) یعنی تو ایک بزرگ خُلق پر قائم ہے سو اسی تشریح کے مطابق اس کے معنے ہیں یعنی یہ کہ تمام قسمیں اخلاق کی سخاوت، شجاعت، عدل، رحم، احسان، صدق، حوصلہ وغیرہ تجھ میں جمع ہیں۔ غرض جس قدر انسان کے دل میں قوتیں پائی جاتی ہیں جیسا کہ ادب، حیا، دیانت، مروت، غیرت، استقامت، عفت، زہادت، اعتدال، مواسات یعنی ہمدردی۔ ایسا ہی شجاعت، سخاوت، عفو، صبر، احسان، صدق، وفا وغیرہ جب یہ تمام طبعی حالتیں عقل اور تدبر کے مشورہ سے اپنے اپنے محل اور موقع پر ظاہر کی جائیں گی تو سب کا نام اخلاق ہوگا۔ اور یہ تمام اخلاق درحقیقت انسان کی طبعی حالتیں اور طبعی جذبات ہیں اور صرف اس وقت اخلاق کے نام سے موسوم ہوتے ہیں کہ جب محل اور موقعہ کے لحاظ سے بالارادہ ان کو استعمال کیا جائے۔ چونکہ انسان کے طبعی خواص میں سے ایک یہ بھی خاصہ ہے کہ وہ ترقی پذیر جاندار ہے اس لئے وہ سچے مذہب کی پیروی اور نیک صحبتوں اور نیک تعلیموں سے ایسے طبعی جذبات کو اخلاق کے رنگ میں لے آتا ہے۔ اور یہ امر کسی اور جاندار کے لئے نصیب نہیں۔

(اسلامی اصول کی فلاسفی۔ روحانی خزائن جلد 10 ص 333)

ہر نیکی میں سب سے آگے

حضرت انسؓ بیان کرتے ہیں کہ آنحضرت ﷺ لوگوں میں سب سے زیادہ حسین، سب سے زیادہ سخی اور سب سے بڑھ کر شجاع تھے۔ ایک رات اہل مدینہ ایک آواز سے گھبرا کر بیدار ہو گئے۔ صحابہ ابھی گھوڑوں پر سوار ہونے کے لئے تیار ہو رہے تھے کہ آنحضرت ﷺ گھوڑے کی ننگی پیٹھ پر واپس تشریف لائے اور فرمایا کوئی فکر کی بات نہیں۔

(صحیح بخاری کتاب الجہاد باب اذا فزعوا حدیث نمبر 2813)

حضور انور ایدہ اللہ کا کینیڈا سے خطبہ جمعہ

۞ سیدنا حضرت خلیفۃ المسیح الخامس ایدہ اللہ تعالیٰ کینیڈا کے دورہ کے دوران 4 جولائی 2008ء کو خطبہ جمعہ کینیڈا میں ارشاد فرمائیں گے۔ حضور انور کا یہ خطبہ جمعہ ایم ٹی اے پر لائیو نشر کیا جائے گا۔

پاکستانی وقت کے مطابق

لائیو نشریات کا آغاز 5 جولائی 2008ء ایک بجے صبح
لائیو خطبہ جمعہ (4 جولائی 2008) 1:30 بجے صبح

(ناظر اشاعت)

واقفین و واقفات نو ربوہ کیلئے سمر لینگویج کلاسز کا آغاز

۞ وقف نو لینگویج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ ربوہ میں گرمی کی چھٹیوں میں سمر لینگویج کلاسز کا آغاز مورخہ 7 جولائی 2008ء سے ہو رہا ہے۔ عصر تا مغرب وقف نو لینگویج انسٹیٹیوٹ دارالرحمت وسطی میں واقفین و واقفات نو رجسٹریشن جاری ہے۔ اس سمر پیکج کے تحت مندرجہ ذیل تفصیل کے مطابق لینگویج کورسز کروائے جائیں گے۔

انگریزی۔ لیول 1/K (پرائمری تا مڈل)
برائے واقفین و واقفات نو

انگریزی۔ لیول 2/B (مڈل تا بی اے)
برائے واقفین نو

انگریزی۔ لیول 2/G (مڈل تا بی اے)
برائے واقفات نو

عربی۔ لیول 1/K (پرائمری تا مڈل)
برائے واقفین و واقفات نو۔

مزید معلومات کیلئے پیر تا جمعرات شام کے وقت اس نمبر پر رابطہ کریں۔ **0476011966**

(انچارج وقف نو لینگویج انسٹیٹیوٹ لوکل انجمن احمدیہ ربوہ)

الفضل کی توسیع اشاعت میں ہمارے ساتھ تعاون کریں۔ (مینیجر الفضل)

مرتبہ: مجلس خدام الاحمدیہ پاکستان

حضرت خلیفۃ المسیح الاول (حالات اور خدمات)

نمبر 2

سوال: حضور کی لاہور میں مولوی محمد حسین صاحب بٹالوی سے مسئلہ حیات و وفات مسیح پر کب گفتگو ہوئی۔

جواب: اپریل 1891ء میں۔

سوال: قادیان کے پہلے جلسہ سالانہ میں شمولیت کب فرمائی۔

جواب: دسمبر 1891ء میں۔

سوال: حضور نے مہمانان جلسہ کے لئے قادیان میں کب مکان تعمیر کرایا۔

جواب: 1892ء میں۔

سوال: حضور نے انجمن حمایت اسلام کے جلسے میں کب لیکچر دیا۔

جواب: 1893ء میں۔

سوال: حضور نے قادیان میں مستقل رہائش کب اختیار فرمائی۔

جواب: اپریل 1893ء میں۔

سوال: حضور نے حضرت مسیح موعود کی شان میں عربی مضمون اور عربی قصیدہ کب لکھا۔

جواب: اگست 1893ء میں۔

سوال: سفر ڈیرہ بابا نانک کب فرمایا۔

جواب: 20 ستمبر 1895ء کو مقدس چولہ دیکھنے کے لئے سفر ڈیرہ بابا نانک میں حضرت مسیح موعود کی رفاقت اختیار کی۔

سوال: 1896ء میں جلسہ اعظم مذاہب لاہور میں حضرت مسیح موعود کا مضمون ''اسلامی اصول کی فلاسفی'' کس کی صدارت میں پڑھا گیا۔

جواب: حضرت حکیم مولانا نورالدین صاحب کی صدارت میں۔

سوال: حضور نے سفر بہاولپور میں حضرت خواجہ غلام فرید صاحب چاچڑاں شریف سے کب ملاقات کی۔

جواب: 1896ء میں۔

سوال: حضور حضرت نواب محمد علی خان صاحب کو حضرت مسیح موعود کے ارشاد پر قرآن کریم پڑھانے کے لئے مالیرکوٹلہ میں کب سے کب تک رہے۔

جواب: اپریل تا اکتوبر 1896ء۔

سوال: حضور کی بیٹی حفصہ صاحبہ کی شادی کب اور کس سے ہوئی۔

جواب: 31 مئی 1898ء کو حضرت مفتی فضل الرحمان صاحب سے۔

سوال: حضور کے بیٹے عبدالحئی کی ولادت کب ہوئی۔

جواب: 15 فروری 1899ء کو۔

سوال: پیر مہر علی صاحب گولڑوی سے خط و کتابت کب ہوئی۔

جواب: مارچ 1900ء میں۔

سوال: علامہ شبلی نعمانی سے خط و کتابت اور انہیں دعوت حق کب دی۔

جواب: مارچ 1900ء میں۔

سوال: حضور نے خطبہ الہامیہ کب قلم بند کیا۔

جواب: 11/اپریل 1900ء کو۔

سوال: حضور کی بیٹی حضرت امۃ الحئی صاحبہ کی ولادت کب ہوئی۔

جواب: یکم اگست 1901ء کو۔ 1914ء میں آپ حضرت مصلح موعود کے عقد میں آئیں۔

سوال: حضور کی تصنیف ''خطوط جواب شیعہ ورد نسخ قرآن'' کی اشاعت کب ہوئی۔

جواب: 1901ء میں۔

سوال: حضور نے حضرت صاحبزادہ مرزا بشیر الدین محمود احمد صاحب کا پہلا نکاح کب پڑھا۔

جواب: 2/اکتوبر 1902ء کو۔

سوال: حضور کا فونوگراف میں وعظ کب ریکارڈ کیا گیا۔

جواب: 24/اکتوبر 1902ء کو۔

سوال: حضور نے قادیان میں درس القرآن کا آغاز کب فرمایا۔

جواب: جنوری 1903ء میں۔

ترانۂ اطفال

ہم دین حق کی ڈھال ہیں
ہم احمدی اطفال ہیں
خدمت کے انعاموں سے ہم
ہر آن مالا مال ہیں
ماضی پہ رکھتے ہیں نظر
تو ترجمان حال ہیں
ہاں بالیقیں، ہاں بالیقیں
معمارِ استقبال ہیں
تکتے ہیں تارے رشک سے
چلتے ہم ایسی چال ہیں
ہم دین حق کی ڈھال ہیں
ہم احمدی اطفال ہیں

ہر گورا کالا میت ہے
دل میں ہمارے پیت ہے
سارے دلوں کو جیتنا
اپنی پرانی ریت ہے
ایسا بھلا کیونکر نہ ہو
ایسا بھلا کیونکر نہ ہو
اوتار جب اس دور کا
جگ جیت ہے، جگ جیت ہے
دل سے اٹھی الفت کی لے
لب پر وہی سنگیت ہے
ہم دین حق کی ڈھال ہیں
ہم احمدی اطفال ہیں

خاکہ نظامِ نو کا اک
مہدی کی ہے تحریر میں
بھر دیں گے اپنا خون دل
مدھم سی اس تصویر میں
باندھیں گے ہم سارا جہاں
الفت کی اک زنجیر میں
اونچے سُروں میں گائیں گے
گاہے بطرز زیر میں
ہم دین حق کی ڈھال ہیں
ہم احمدی اطفال ہیں

ہم ترجماں ہیں حال کے
معمار استقبال کے
تقدیر کے تارے، اگر
تو ہیں نشاں اقبال کے
باغ جہاں کھلنے لگا
چلنے لگی بادِ صبا
سدرہ نشیں ہے کہہ رہا
آؤ مری جانب ذرا
ہم اڑتے اڑتے جا رہے
اونچے سُروں میں گا رہے
ہم دین حق کی ڈھال ہیں
ہم احمدی اطفال ہیں

عبدالسلام اسلام

پبلشر و پرنٹر طاہر مہدی امتیاز احمد وڑائچ مطبع ضیاء الاسلام پریس مقام اشاعت دارالنصر غربی چناب نگر (ربوہ) قیمت -/5 روپے

اہل علم، دانشور، صحافی اور مقتدر شخصیات کی نظر میں

حضرت چوہدری سر محمد ظفراللہ خان صاحب کی اہل کشمیر کے لئے خدمات

ترتیب وتحقیق: محترم پروفیسر راجا نصراللہ خان صاحب

اللہ تعالیٰ نے بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح کو اعلیٰ اقدار اور علم و دانش سے نوازا تھا۔ یہ آپ کی ہمت، فراست اور لیاقت کا زبردست ثبوت ہے کہ ایک طرف آپ مسلمانان ہند کے لئے علیحدہ وطن حاصل کرنے کے لئے ہندو، انگریز اور مسلم لیگ کی جدوجہد کے مخالفین اور ہندو کانگرس کے ہمنواؤں (کارندوں) کے ساتھ چومکھی لڑائی لڑ رہے تھے تو دوسری طرف اپنے اور ہندوستان کے کروڑوں مسلمانوں کے حسین خواب اور افق پار نظر آتے وطن (پاکستان) کی عملی تشکیل اور کامیاب تکمیل کے لئے بیانات کے ذریعہ خوبصورت رنگ و روپ بھی تجویز کررہے تھے۔ دوسرے لفظوں میں دوران جنگ آزادی وتحریک پاکستان ان کے مدبرانہ خیالات اور بیانات کو آئندہ کے لئے پالیسی ساز اقدامات یعنی راہنما اصول (Guidelines) کی حیثیت حاصل ہوگئی تھی تاکہ آئندہ ان پر عمل کرکے پاکستان کو ایک مثالی اور کامیاب ریاست بنایا جاسکے۔ قائداعظم کے یہ فکر انگیز اور اہم رہنما اصول آج بھی اخبارات کی زینت بنتے رہتے ہیں۔

قائداعظم نے اجلاس مسلم لیگ لاہور 23 مارچ 1940ء میں فرمایا:۔

’’اے خادمان اسلام اپنی ملت کو اقتصادی، سیاسی، تعلیمی اور معاشرتی غرضیکہ تمام پہلوؤں سے منظّم کرو۔ پھر تم دیکھو گے کہ تم یقیناً ایک ایسی قوت بن گئے ہو جس کا لوہا ہر شخص تسلیم کرے گا۔ اپنی تنظیم، آپ کی واحد اور بہترین محافظ ہے‘‘۔

(اجلاس مسلم لیگ لاہور 23 مارچ 1940ء)

(نوائے وقت مورخہ 5 فروری 2008ء)

پاکستان کی خارجہ پالیسی کے متعلق واضح اعلان

قائداعظم نے مملکت خداداد پاکستان کے باقاعدہ وجود میں آنے سے کچھ عرصہ قبل ایک پریس کانفرنس میں اعلان کرتے ہوئے فرمایا:۔

’’پاکستان کی خارجہ پالیسی کی کلید یہ ہوگی کہ دنیا کی تمام اقوام کے ساتھ انتہائی دوستانہ تعلقات ہوں۔ ہم پوری دنیا میں ان کے تمنائی ہیں۔ عالمی امن قائم کرنے کے لئے اپنی استطاعت اور توفیق کے مطابق اپنے حصے کا کردار خوش اسلوبی سے انجام دیں گے‘‘۔

(پریس کانفرنس 14 جولائی 1947ء)

(نوائے وقت 21 ستمبر 2006ء۔ 27 دسمبر 2007ء)

ابتدائی بااُصول خارجہ پالیسی کے مزید خدوخال

بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے قیام پاکستان سے کچھ عرصہ قبل ہی بطور Guideline خارجہ پالیسی کی کلید واضح کردی تھی۔ قیام پاکستان کے ابتدائی دنوں میں ہی اس بااصول پالیسی کے خدوخال کی مزید وضاحت اور سمت متعین کی گئی۔ چنانچہ قائداعظم کے دیرینہ ساتھی اور پاکستان کے ایک نیک نام وزیراعظم چوہدری محمد علی اپنی انگریزی کتاب Emergence of Pakistan (ظہور پاکستان) (پہلی اشاعت 1967ء) میں وطن عزیز کی خارجہ پالیسی کے ابتدائی اور اصولی مؤقف اور عملی اقدامات کا ذکر کرتے ہوئے لکھتے ہیں۔ (ترجمہ):

’’مسلم دنیا کی آزادی، قوت، خوشحالی اور اتحاد کے لئے زبردست جدوجہد کرنا پاکستان کی خارجہ پالیسی کا ایک مستقل مقصد رہا ہے۔ حکومت پاکستان کا ایک اولین اقدام یہ تھا کہ مشرق وسطیٰ کے ممالک میں ایک خیرسگالی وفد بھجوایا گیا۔ پاکستان نے فلسطین میں عربوں کے حقوق کو اپنا مقصد قرار دیا اور اقوام متحدہ میں اس نصب العین کی خاطر پاکستان کے وزیرخارجہ ظفراللہ خان سے بڑھ کر کوئی فصیح ترجمان نہیں تھا۔ پاکستان اسرائیل کو تسلیم نہ کرنے کی پالیسی پر مسلسل گامزن ہے۔ انڈونیشیا، ملایا، سوڈان، لیبیا، تیونس، فرانس، نائیجیریا اور الجیریا کی آزادی کی خاطر پوری تگ ودو کی گئی‘‘۔

(ظہور پاکستان ص 380۔ Emergence of Pakistan)

حضرت چوہدری محمد ظفراللہ خان پر بھرپور اعتماد

اللہ تعالیٰ کے فضل سے قائداعظم اور ان کے مخلص ساتھیوں کی بھرپور کوششوں کے نتیجہ میں پاکستان 14 اگست 1947ء کو معرض وجود میں آگیا۔ ایک اہم اور ابتدائی مرحلہ پاکستان کو اقوام متحدہ کا ممبر بنوانا اور پھر اقوام عالم کے سامنے پاکستان کی نمائندگی کرنا اور اس طرح خارجہ پالیسی کا اجاگر کرنا تھا۔ اس اہم ذمہ داری کے لئے قائداعظم کی نظر انتخاب حضرت چوہدری محمد ظفراللہ خان پر پڑی اور آپ نے اقوام متحدہ کے لئے پہلے وفد کی سربراہی محترم چوہدری صاحب کو سونپی۔ حضرت چوہدری صاحب نے یہ ساری ذمہ داری پوری کامیابی اور خوبی سے سرانجام دی۔ اس وقت ورلڈ فورم (UNO) پر فلسطین کا اہم اور نازک مسئلہ زیربحث تھا۔ حضرت چوہدری صاحب نے اس قضیہ کے سلسلہ میں اپنی خداداد لیاقت اور ذہانت کا بھرپور مظاہرہ کیا اور قائداعظم اور پاکستان کی وضع کردہ بااصول و منصفانہ پالیسی کا اس عمدگی سے مظاہرہ کیا کہ جہاں فلسطینیوں اور عربوں کے مخالفین کی ’’زبانیں گنگ ہوگئیں‘‘۔ (نوائے وقت 12 اکتوبر 1947ء کی خبر) وہاں ’’فلسطین کے متعلق سر ظفراللہ خان کی تقریر سے دھوم مچ گئی‘‘ اور ’’مسرت و ابتہاج سے عرب نمائندوں کے چہرے تمتما اٹھے‘‘۔

(رپورٹ نوائے وقت مورخہ 12 اکتوبر 1947ء)

لگتا تھا دیکھنے میں جو انسان کم سخن
جب بولنے پہ آیا۔ زمانے پہ چھا گیا

قائداعظم کا اظہار خوشنودی

ڈاکٹر اسرار احمد اپنے مضمون ’’اسرائیل نامنظور کیوں؟ ایک اہم حوالہ درج کرتے ہیں۔ ملاحظہ فرمائیے:۔

25 اکتوبر 1947ء کو قائداعظم نے رائیٹر کی نیوز ایجنسی کے نمائندے کو انٹرویو دیتے ہوئے کہا کہ ’’فلسطین کے بارے میں ہمارے مؤقف کی وضاحت اقوام متحدہ میں پاکستانی وفد کے سربراہ محمد ظفراللہ خان نے کردی ہے مجھے اب بھی یہ امید ہے کہ تقسیم (فلسطین) کا منصوبہ مسترد کردیا جائے گا ورنہ ایک خوفناک چپقلش کا شروع ہو جانا ناگزیر اور لازمی امر ہے‘‘۔ (نوائے وقت مورخہ 12 جولائی 2003ء)

خارجہ پالیسی کی پہلی عظیم کامیابی

اقوام متحدہ میں مسئلہ فلسطین کے سلسلہ میں پاکستانی رئیس الوفد حضرت چوہدری محمد ظفراللہ خاں نے پاکستان کے منصفانہ مؤقف کو نہایت ہی عمدگی اور مؤثر طور پر پیش کرکے پاکستان کی خارجہ پالیسی کا عظیم الشان اور کامیاب مظاہرہ کیا اور انصاف پسند حلقوں اور عرب بھائیوں کے دل جیت لئے اس طرح ورلڈ فورم (UNO) پر یہ نوزائیدہ مملکت خداداد پاکستان کی پہلی قابل رشک پہچان اور تاریخ ساز کامرانی ثابت ہوئی۔ چنانچہ آپ کی اپنی قوم وملت کے لئے متعدد شاندار خدمات کے نتیجہ میں دسمبر 1947ء میں بانی پاکستان قائداعظم محمد علی جناح نے آپ کو پاکستان کا وزیرخارجہ مقرر فرمایا۔

تاریخ پاکستان میں حضرت چوہدری صاحب کا کردار

حمید نظامی نے اپنے اخبار نوائے وقت میں حضرت چوہدری محمد ظفراللہ خان صاحب کے بارے میں بجاطور پر لکھا:

’’آپ نے ملک وملت کی جو شاندار خدمات سرانجام دیں تو قائداعظم انہیں حکومت پاکستان کے اس عہدے پر فائز کرنے پر تیار ہو گئے۔ جو باعتبار منصب وزیراعظم کے بعد سب سے اہم اور وقیع عہدہ شمار ہوتا ہے۔ قائداعظم نے چوہدری صاحب کو بلاتامل پاکستان کا وزیرخارجہ بنادیا لیکن ظفراللہ کے ہاتھوں وہ زبردست کارنامہ انجام دینا باقی تھا۔ جس سے اس کا نام تاریخ پاکستان میں ہمیشہ زندہ رہے گا۔ (یعنی اقوام متحدہ میں کشمیر کے مسئلہ کی لاجواب وکالت، ناقل)‘‘۔

(نوائے وقت 24 اگست 1948ء)

اقوام متحدہ میں کشمیر کا تاریخی معرکہ

جلد ہی اقوام عالم کے سامنے پاکستان کی منصفانہ اور مضبوط خارجی پالیسی کے مظاہرے کا ایک اور موقع پیدا ہوگیا۔

جیسا کہ ہر باشعور پاکستانی جانتا ہے ریاست جموں وکشمیر میں بڑی بھاری اکثریت مسلمان قوم کی تھی اور اللہ تعالیٰ کے فضل سے اب تک ہے۔ اس طرح اصولاً برصغیر کی تقسیم کے وقت اس ریاست کو پاکستان میں شامل ہونا چاہئے تھا لیکن انگریز اور ہندو کی بددیانتی اور ہٹ دھرمی سے ہندوستان نے اس پر زبردستی قبضہ کرلیا اور جب پاکستان اور مقبوضہ کشمیر کے مسلمان مجاہدین نے ہندوستانی فوج کا مقابلہ شروع کردیا تو بھارت خود مدعی بن کر مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ میں لے گیا۔ لیکن اقوام عالم کے سامنے پاکستانی وزیرخارجہ چوہدری محمد ظفراللہ خان نے کمال قابلیت کے ساتھ ایسی اصولی اور مدلل بحث کی کہ بھارت کو لینے کے دینے پڑ گئے۔ اس تاریخی معرکہ کی دلچسپ روداد مختلف حوالوں سے واضح کی جاتی ہے۔

کشمیریوں کو حق خودارادیت دیا جائے

چوہدری محمد علی سابق وزیراعظم پاکستان اپنی کتاب Emergence of Pakistan کے صفحہ 301 پر رقمطراز ہیں:۔

’’سلامتی کونسل نے 15 جنوری 1948ء کو ہندوستان کی شکایت اور پاکستان کے جواب کی سماعت شروع کی۔ ظفراللہ خاں نے مقدمہ کی ایسی اعلیٰ وکالت کی

کہ سلامتی کونسل کو یقین آ گیا کہ مسئلہ کشمیر محض کشمیر کے نام نہاد حملہ آوروں کو نکال دینے کا نہیں (جیسا کہ ہندوستان کا نمائندہ اسے باور کرانا چاہتا تھا) بلکہ اصل مسئلہ یہ ہے کہ ہندوستان اور پاکستان کے تعلقات کو منصفانہ اور پُرامن اساس پر استوار کیا جائے اور تنازعہ کشمیر کو ریاست کے عوام کی مرضی کے مطابق حل کیا جائے''۔

بین الاقوامی قانون اور اصول کی فتح

ہمارے وزیر خارجہ نے وہ ناموری حاصل کی ہے جو بلاشبہ کسی دوسرے کو نصیب نہیں ہے...... اڑھائی سال کے عرصہ میں بیرونی دنیا میں انہوں نے پاکستان کی ساکھ کو قائم کرنے اور اس کی عزت و وقار کو چار چاند لگانے کا جو کارنامہ سرانجام دیا ہے اس کی مثال نہیں مل سکتی۔ سلامتی کونسل میں جس طریق پر انہوں نے کشمیر کا معاملہ پیش کیا ہے۔ اس سے اس فریب کا جو پاکستان کو دیا جا رہا تھا پردہ چاک ہو گیا ہے۔ لیک سکسیس میں کمال بے جگری سے انہوں نے کشمیر کی جنگ لڑی ہے اور دنیا کے سامنے یہ ثابت کر کے بین الاقوامی قوانین کی روشنی میں کسی بھی زاویہ نگاہ سے کیوں نہ دیکھا جائے جارحانہ اقدام کا ارتکاب کرنے میں پہل دوسرے فریق نے کی ہے وہ اس جنگ میں فتح یاب رہے ہیں۔ قائداعظم کی طرح وہ جھکنا نہیں جانتے وہ اس فتح کے قائل ہی نہیں جو گر کر نصیب ہو''۔

(السٹریٹڈ ویکلی آف پاکستان 13 مارچ 1950ء)

بھارت کے مؤقف کی دھجیاں اڑا دیں

اس وقت ہمارے سامنے معروف کشمیری مضمون نگار کلیم اختر (مرحوم) کا مضمون ''خان لیاقت علی خان، ان کا سیاسی عہد اور مسئلہ کشمیر'' موجود ہے۔ آیئے ایک اہم اقتباس دیکھتے ہیں۔ جناب کلیم اختر تحریر کرتے ہیں:

''یہ حقیقت ہے کہ سلامتی کونسل میں بھارت کو شکست ہوئی۔ بھارت کی شکایت یہ تھی کہ پاکستان قبائلیوں اور مجاہدین کی امداد کر رہا ہے۔ اس لئے اسے جارح قرار دیا جائے۔ مگر سلامتی کونسل میں وزیر خارجہ پاکستان نے مسئلہ کشمیر کی تاریخ اور تحریک کو بیان کر کے بھارت کے مؤقف کی دھجیاں اڑا دیں اور سلامتی کونسل نے یہ فیصلہ دیا کہ جموں و کشمیر کے مستقبل کا فیصلہ کشمیری عوام استصواب رائے عامہ سے کریں گے''۔

(نوائے وقت مورخہ 18/ اکتوبر 1988ء)

معرکہ کشمیر کی دلنشیں تصویر کشی

سابق سفیر قطب الدین عزیز نے مسئلہ کشمیر کے سلسلہ میں اقوام متحدہ میں ہندوستان کے ماہر قانون گوپالا سوامی آئینگر اور پاکستانی وزیر خارجہ سر محمد ظفر اللہ خان کے درمیان تاریخی معرکہ کا نہایت ہی دلچسپ اور حیران کن حال ایک مضمون کی شکل میں پیش کیا ہے۔ یہ مضمون ''روزنامہ جنگ'' نے یوم آزادی ایڈیشن 14/ اگست 1998ء میں بڑے نمایاں طور پر شائع ہوا۔ آیئے اس کے چیدہ چیدہ اقتباسات پڑھتے ہیں۔ جناب قطب الدین عزیز لکھتے ہیں:۔

''پنڈت نہرو سر ظفر اللہ کی قانونی مہارت اور مؤثر خطابت سے واقف تھے اور ان کو خوف تھا کہ سلامتی کونسل میں سر ظفر اللہ خان کے خطاب کے باعث بھارتی سازش ناکام ہو جائے گی ...... بھارتی حکومت نے ایک سرکاری ماہر قانون گوپالا سوامی آئینگر کو سلامتی کونسل میں بھارتی نالش پیش کرنے اور سر ظفر اللہ خان سے مقابلے کے لئے روانہ کیا...... گوپا سوامی آئینگر نے بھارتی کیس پیش کیا۔ سرحد کے قبائل اور پاکستان پر جھوٹے الزام لگائے''۔

بھارتی مؤقف کے پرخچے اڑ گئے

قطب الدین عزیز مزید بیان کرتے ہیں:۔

''16 اور 17 جنوری کے اجلاسوں میں سر ظفر اللہ نے 5 گھنٹے کی جواب دعویٰ کی زبردست تقریر میں بھارت کے الزامات کی دھجیاں بکھیر دیں۔

ان کی اس تقریر کے بارے میں سفیر پاکستان اصفہانی صاحب نے گورنر جنرل پاکستان قائداعظم کو اپنے خط مورخہ 22 جنوری 1948ء میں ان الفاظ میں مطلع کیا:۔

''ہم سلامتی کونسل کی کارروائی میں مشغول ہیں۔ ہم حکومت کو اس بارے میں پوری اطلاعات دے رہے ہیں۔ بھارت اپنی ہٹ دھرمی پر اڑا ہوا ہے۔ انشاءاللہ بھارت کو سخت ترین سبق ملے گا۔ ظفر اللہ خان اس کام میں انتھک محنت کر رہے ہیں۔ سلامتی کونسل کے سامنے پاکستان کے مؤقف کو انہوں نے شاندار طریقے سے پیش کیا''۔

قطب الدین عزیز کیسی عمدہ تصویر کشی کرتے ہیں:

''نرم ترکی ٹوپی سر پر اور انگریزی سوٹ میں ملبوس سر ظفر اللہ نے سلامتی کونسل میں اپنی تقریروں اور قانونی مہارت کے ذریعے اپنی قابلیت کا سکہ جما دیا تھا''۔

مؤثر اور مدلل تقریر

قطب الدین عزیز تحریر کرتے ہیں:۔

''سر ظفر اللہ کی دو دنوں میں پانچ گھنٹوں کی مدلل اور جامع تقریر کے بعد سلامتی کونسل کے انداز فکر میں تبدیلی آئی اور اراکین ایک ایسی قرارداد وضع کرنے کے حق میں تھے جس کے تحت فوری جنگ بندی نافذ ہو اور جموں اور کشمیر کے عوام سے بذریعہ استصواب رائے (جو اقوام متحدہ کی نگرانی میں ہو) معلوم کیا جائے کہ وہ بھارت یا پاکستان سے الحاق کے خواہشمند ہیں''۔

سلامتی کونسل کا فیصلہ

قطب الدین اپنے مضمون کے آخری کالم میں لکھتے ہیں:۔

''بھارتی حکمرانوں کو کشمیر میں اقوام متحدہ کی نگرانی میں استصواب رائے کی تجویز پسند نہ تھی۔ پنڈت نہرو نے سری نگر میں شیخ عبداللہ کی قیادت میں ایک کٹھ پتلی حکومت قائم کرا دی تھی اور بعد میں سلامتی کونسل میں بھارت نے شیخ عبداللہ کو اپنی جماعت میں بھیجا۔

بھارت کی ناراضگی کے باوجود سلامتی کونسل نے 1948-49ء کی قرارداد میں کشمیر میں جنگ بندی اور استصواب رائے کا فیصلہ کیا۔

(روزنامہ جنگ یوم آزادی ایڈیشن 14/ اگست 1998ء)

پاکستانی وزیر خارجہ بڑے مضبوط کردار کے ماہر قانون تھے

روزنامہ جنگ نے وطن عزیز کے پہلے وزیراعظم نوابزادہ لیاقت علی خان کی یاد میں ایک خصوصی مذاکرے کا انتظام کیا۔

شرکاء میں شامل جناب شاہد امین نے جن کا تعارف ادارہ جنگ نے ''سابق سفارتکار، تجزیہ نگار اور امور خارجہ کے ماہر'' کے الفاظ میں کرایا۔ (جنگ 16/ اکتوبر 2002ء اشاعت خصوصی) لیاقت علی خان کے دور کا ذکر کرتے ہوئے کہا:۔

''اس زمانے میں وزیر خارجہ سر ظفر اللہ خان تھے۔ بڑے مضبوط کردار کے حامل تھے۔ بیوروکریسی ان کو گھما نہیں سکتی تھی۔ ...... کشمیر کے سلسلے میں انہوں نے پاکستان کا کیس بڑے مضبوط طریقے سے پیش کیا تھا جس کا اعتراف بھارت کے امور خارجہ کے ماہرین نے بھی کیا تھا اور کہا تھا کہ 1948ء، 1949ء میں بھارت اقوام متحدہ میں اس لئے مات کھا گیا تھا کہ پاکستان کے پاس سر ظفر اللہ جیسا وزیر (ماہر) قانون تھا۔ لیاقت علی خود بھی بہت دبنگ لیڈر تھے اور سر ظفر اللہ بھی بھاری بھرکم شخصیت تھے''۔

(روزنامہ جنگ مورخہ 16/ اکتوبر 2002ء اشاعت خصوصی ص 5)

شاندار تقریر

جموں و کشمیر ہائی کورٹ کے ایک جج Adarsh Sein Anand اپنی انگریزی تصنیف The Development of the Constitution of Jammu and Kashmir (جموں و کشمیر کے آئین کا ارتقاء) میں اقوام متحدہ میں معرکہ کشمیر کے ذکر میں لکھتے ہیں۔ چند اقتباسات کا ترجمہ پیش خدمت ہے:۔

بھارت مقدمہ کشمیر کا مدعی تھا

''بھارت نے اقوام متحدہ کے چارٹر کی دفعہ 35 کا سہارا لیا اور پاکستان کے خلاف سلامتی کونسل کے پاس شکایت کی۔ دفعہ 35 کے تحت کوئی بھی ممبر ملک اس بات کا حق رکھتا ہے کہ وہ کسی ایسی صورتحال کو سلامتی کونسل کے سامنے لائے جس سے بین الاقوامی امن کو خطرہ لاحق ہو''۔

پاک و ہند کے مندوبین کا مقابلہ

جج موصوف لکھتے ہیں:۔

''سلامتی کونسل کی طویل بحث و تمحیص کے تمام عرصہ میں ہندوستانی نمائندوں نے اپنی تقریباً تمام تر توجہ قبائلی حملے اور ہندوستان کے ساتھ کشمیر کے الحاق کی قانونی حقیقت کے موضوع پر ہی مرکوز رکھی۔ یہ دراصل محدود سا مسئلہ تھا جسے اقوام متحدہ کے سامنے پیش کیا گیا۔ ہندوستانی مندوب نے اپنے ابتدائی بیان کو ان الفاظ پر ختم کیا۔

(بحوالہ رپورٹ سلامتی کونسل 15 جنوری 1948ء)

''ہم نے سلامتی کونسل میں ایک آسان اور سیدھا سادہ مسئلہ پیش کیا ہے۔ کشمیر کی سرزمین پر یورش کرنے والوں اور حملہ آور ہونے والوں کی دستبرداری اور اخراج اور جنگ کا خاتمہ۔ یہی اولین اور تنہا کام ہیں جن سے ہمیں سروکار رکھنا ہے''۔......

سر محمد ظفر اللہ خان کی شاندار تقریر

ہندو جج اپنی کتاب میں بیان کرتے ہیں:۔

''ہندوستانی مندوب کے بیان کے بعد پاکستان کے سر محمد ظفر اللہ خان کی شاندار تقریر ہوئی۔ انہوں نے اس مسئلہ کو وسعت دینے کی ہر لحاظ سے کوشش کی۔ چنانچہ انہوں نے سلامتی کونسل میں اپنی ابتدائی تقریر میں واضح کیا۔ یہ مسئلہ ہمیں نہ ہی اتنا آسان اور نہ ہی اتنا سیدھا سادہ دکھائی دیتا ہے جتنا کہ ہندوستانی نمائندہ نے اسے بیان کرنے کی کوشش کی ہے...... اور یہ لازم ہے کہ سلامتی کونسل کے سامنے کشمیر کے اس مسئلہ کا پورا پس منظر اجاگر کیا جائے۔

(دفتری ریکارڈ سیکیورٹی کونسل ص 31)

کچھ دنوں بعد (دوران بحث) انہوں نے مزید واضح کیا: جو کچھ کشمیر میں ہو رہا ہے وہ اس عمل کا تسلسل ہے جو مشرقی پنجاب کی ریاست میں اپنے انتہائی نقطہ پر پہنچ چکا ہے۔ (فرقہ وارانہ فسادات) اور اسے تنازعہ کشمیر سے الگ نہیں کیا جا سکتا۔

(دفتری ریکارڈ سیکیورٹی کونسل ص 117)

کشمیریوں کے حق خود ارادیت کو تسلیم کیا گیا

ہندو جج آدرش سین آنند رقمطراز ہیں:۔

’’سلامتی کونسل کے ایوان میں ہونے والے اس بحث ومباحثہ کا نتیجہ 17 جنوری 1948ء کی قرارداد کی شکل میں نمودار ہوا جسے ہندوستان اور پاکستان دونوں نے تسلیم کرلیا‘‘۔

(جموں وکشمیر کے آئین کا ارتقا ترجمہ اقتباسات ص100 تا 103)

انگریز مصنف کا زبردست خراج تحسین

حال ہی میں خاکسار کو ایک ضخیم انگریزی کتاب Mount Batten The Official Biography (By Philip Ziegler) دیکھنے کا اتفاق ہوا ہے۔ اس میں آخری وائسرائے ہند لارڈ ماؤنٹ بیٹن کے مفصل حالات اور واقعات کو قلمبند کیا گیا ہے۔ اقوام متحدہ میں معرکہ کشمیر (1948ء) کے ذکر میں انگریز مصنف کتاب Philip Ziegler نے چوہدری محمد ظفراللہ خان صاحب کی زبردست قانونی اور تقریری مہارت و لیاقت کا برملا تذکرہ کیا ہے۔

ترجمہ: پاکستانی نمائندے ظفراللہ خان کی قانونی اور تقریری دونوں لحاظ سے پیشہ وارانہ صلاحیت و مہارت کے مقابل پر کشمیر کیس کے سلسلہ میں ہندوستان کی بے ڈھنگی کارکردگی ہندوستان کی ناکامی کی ایک وجہ بنی‘‘۔ (P450)

بھارتی اخبار ’’پرتاپ‘‘ کا کھلم کھلا اعتراف

بھارتی اخبار ’’پرتاپ‘‘ نے اقوام متحدہ میں قبضہ کشمیر سے متعلق ہندوستان کی شکست کا ان الفاظ میں اعتراف کیا۔

’’یو این او سے پاکستان کے خلاف فریاد کرنا ہی ہمالیہ جتنی بڑی غلطی تھی۔ ہم وہاں گئے تھے مستغیث بن کر اور لوٹے وہاں سے ملزم بن کر‘‘۔

(’’پرتاپ‘‘ مورخہ 23/اگست 1950ء)

اور اب تازہ اعتراف

حال ہی میں بھارتی پارلیمنٹ کے قائد حزب اختلاف ایل کے ایڈوانی (جو بھارت کی معروف سیاسی پارٹی بی جے پی کے لیڈر ہیں) کا بیان بھارتی ٹی وی کے حوالے سے اخبارات میں شائع ہوا ہے۔ خبر کا عنوان ہے۔ نہرو کا مسئلہ کشمیر اقوام متحدہ میں لے جانا غلطی تھی۔ خبر کی تفصیل اس طرح شروع ہوتی ہے۔

’’جبل پور (آن لائن) بھارتی پارلیمنٹ میں قائد حزب اختلاف ایل کے ایڈوانی نے کہا ہے کہ سابق وزیراعظم نہرو نے مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ میں لے جا کر سنگین غلطی کی تھی ...... ایل کے ایڈوانی نے حکمران جماعت کانگرس پر شدید تنقید کرتے ہوئے کہا ہے کہ کانگرس نے اب تک ملک کو سنگین مسائل سے دوچار کیا ہے۔ انہوں نے اس حوالے سے سابق وزیراعظم جواہر لعل نہرو پر تنقید کرتے ہوئے کہا کہ انہوں نے مسئلہ کشمیر کو اقوام متحدہ میں لے جانے پر رضامندی کا اظہار کرکے بڑی غلطی کی‘‘۔

(نوائے وقت مورخہ 8 فروری 2008ء ص3 اور ص10)

قومی اخبارات میں اقوام متحدہ کی قراردادوں کا مسلسل تذکرہ

اقوام متحدہ میں 1948ء اور 1949ء میں کشمیریوں کے حق میں رائے شماری کی قراردادیں پاس ہونے سے لے کر اب تک پاکستانی پریس میں ان قراردادوں کی حقیقت پسندی اور اہمیت اور اس سلسلہ میں پاکستان کے مضبوط اور کامیاب مؤقف کے بارے میں اس قدر پُرزور اداریے، مضامین اور بیانات شائع ہوتے ہیں کہ ان کا شمار کرنا ممکن نہیں۔ مختصراً یوں کہ اقوام متحدہ میں پہلے وزیر خارجہ پاکستان چوہدری سر محمد ظفراللہ خاں کی اہل کشمیر کے حق میں مدلل اور مؤثر اور فائز وکامیاب وکالت کے نتیجے میں پاس ہونے والی متذکرہ قراردادوں کو پہلی حکومت سے لے کر تا حال (ہر چند کے مشرف دور میں اتار چڑھاؤ آیا) پاکستان کی ہر حکومت، آزاد کشمیر کی ہر حکومت اور تمام اپوزیشن پارٹیاں اور لیڈر مسئلہ کشمیر کا واحد قابل عمل اور منصفانہ حل قرار دیتے ہیں۔ اس سلسلہ میں ہمارے پاس حوالوں کا پلندہ موجود ہے۔ جن میں سے ماضی قریب کے دو چار حوالے پیش کئے جاتے ہیں:۔

(1) روزنامہ دن نے اپنی 29/اکتوبر 2007ء کی اشاعت میں یہ اداریہ لکھا ہے۔

عنوان: مسئلہ کشمیر اب بھی نیوکلیئر فلیش پوائنٹ ہے۔ اداریہ کی چند ابتدائی اور اہم سطور ملاحظہ فرمائیے:

’’جناب مشرقی ایشیا کی سلامتی اور استحکام کے لئے مسئلہ کشمیر اس وقت تک نیوکلیئر فلیش پوائنٹ بنا رہے گا۔ جب تک مقبوضہ جموں وکشمیر کے 1 کروڑ 30 لاکھ مسلم عوام کو اقوام متحدہ کے دسمبر 1948ء میں جاری ہونے والے بنیادی انسانی حقوق کے چارٹر اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کے مطابق حق خودارادیت، کامل آزادی اور حق استصواب رائے دینے کے لئے بھارت سرکار عالمی برادری کے دباؤ اور عالمی ادارے میں کئے گئے وعدہ کے سامنے سرنڈر نہیں کرتی۔ گزشتہ روز کشمیر پر بھارت کے غاصبانہ قبضے کے 60 سال مکمل ہونے پر کنٹرول لائن کے دونوں جانب اور پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم کشمیریوں نے یوم سیاہ منایا۔ اس موقع پر مظاہرے کئے گئے۔ ریلیاں نکالی گئیں اور اقوام متحدہ کے دفاتر میں یادداشتیں پیش کی گئیں۔ جن میں اقوام متحدہ کے سیکرٹری جنرل بان کی مون پر زور دیا گیا کہ وہ کشمیر پر بھارت کا غاصبانہ تسلط ختم کرانے اور کشمیریوں کو ان کا حق خودارادیت دلانے میں اپنا کردار ادا کریں‘‘۔

(اداریہ روزنامہ دن مورخہ 29/اکتوبر 2007ء)

اچھے وقت کا انتظار

نوائے وقت نے کشمیر کے بارے میں یہ مفصل اداریہ شامل اشاعت کیا ہے۔

’’پاکستان کا ہمیشہ یہ مؤقف رہا ہے کہ کشمیری عوام اپنی آزادانہ مرضی سے پاکستان یا بھارت میں سے کسی ایک کے ساتھ الحاق کا فیصلہ کریں۔ اس کے برعکس بھارت ہمیشہ ریاست جموں وکشمیر کے لئے اٹوٹ انگ کی رٹ لگا رہا ہے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کی روشنی میں کشمیریوں کا حق خودارادیت تسلیم کرنے پر تیار نہیں‘‘۔

متذکرہ اداریہ کے دوسرے کالم میں اس امر کو واضح کیا گیا ہے کہ:

’’1948ء سے 2001ء تک پاکستان کی ہر حکومت اسی پالیسی پر قائم رہی ہے اور ہر فورم پر سلامتی کونسل کی قراردادوں کا ذکر کرکے بھارت کو دفاعی پوزیشن اختیار کرنے پر مجبور کرتی رہی ہے۔ خدا کا شکر ہے کہ صدر نے ایک بار پھر اقوام متحدہ کی قراردادوں کا ذکر کرتے ہوئے ماضی کی ان حکومتوں کو رگیدا ہے۔ جنہوں نے اسلام آباد سے کشمیر کے بورڈ ہٹائے اور اعلان لاہور میں کشمیر کے ذکر سے گریز کیا‘۔

اداریہ کے تیسرے کالم میں اس امر پر زور دیا گیا ہے کہ:

’’عالمی برادری کے سامنے اصل صورتحال رکھنی چاہئے، سفارتی مہم تیز کی جائے اور مسئلہ کشمیر کے حوالے سے اقوام متحدہ کی قراردادوں کو ہر فورم کے سامنے پیش کرکے کشمیری عوام کی خواہشات کے مطابق حل کرنے کی راہ ہموار کی جائے۔ اگر بالفرض اس وقت حالات ہمارے حق میں نہیں تو ہر روز نئی تجاویز پیش کرکے لچک دکھانے کی بجائے اپنے منصفانہ، تاریخی اور کشمیری عوام کی امنگوں سے ہم آہنگ مؤقف پر قائم رہتے ہوئے اچھے وقت کا انتظار کیا جائے‘‘۔

(اداریہ نوائے وقت 7 فروری 2006ء)

نوائے وقت کا اداریہ بعنوان مسئلہ کشمیر کا واحد حل، رائے شماری اور قراردادیں کا ایک اقتباس:

’’بیرون ملک تعینات سفیروں کا فرض ہے کہ وہ عالمی برادری کو بھارت کی کہہ مکرنیوں اور امن مخالف پالیسیوں سے آگاہ کریں اور کشمیری عوام پر بھارتی مظالم یا صحیح تر الفاظ میں ریاستی دہشت گردی کے خلاف عالمی رائے عامہ ہموار کریں لیکن یہ اس صورت میں ممکن ہے کہ پاکستان اپنی سابقہ، منصفانہ اور تاریخی پالیسی پر ثابت قدمی سے ڈٹا رہے اور اقوام متحدہ کی قراردادوں کو ہی مسئلہ کشمیر کا پائیدار حل قرار دے کیونکہ یہی بین الاقوامی ثالثی ہے اور اس سے ہی بھارتی نیتاؤں کی جان جاتی ہے۔ جب تک پاکستان اس مؤقف پر قائم رہا۔ بھارت کا رویہ معذرت خواہانہ رہا‘‘۔ (نوائے وقت یکم جولائی 2006ء)

5 فروری 2008ء کو یوم یکجہتی کشمیر کے سلسلہ میں صدر مشرف کے بیان کے حوالے سے ایک مفصل اداریہ تحریر کیا ہے جس کا عنوان ہے:

کشمیر پر دیرینہ اور اصولی مؤقف کا اعادہ

اداریہ کے شروع میں لکھا گیا ہے:۔

’’صدر جنرل (ر) پرویز مشرف نے کشمیری عوام کو یقین دلایا ہے کہ پاکستان کسی بھی صورت کشمیر پر اپنے مؤقف سے دستبردار نہیں ہوگا اور وہ کشمیری عوام کی اخلاقی، سیاسی اور سفارتی حمایت جاری رکھے گا۔ یہ خوش آئند بات ہے کہ یوم یکجہتی کشمیر کے موقع پر صدر پرویز مشرف نے کشمیر پر پاکستان کے دیرینہ اصولی اور اٹل مؤقف کا اعادہ کیا ہے اور کشمیری عوام کو یقین دلایا ہے کہ پاکستان کسی صورت کشمیر پر اپنے مؤقف سے دستبردار نہیں ہوگا‘‘۔

اور اداریہ کے تیسرے کالم میں کہا گیا ہے:

’’جیسا کہ صدر مشرف نے خود کو بھی خوش آئند اعلان کیا ہے ہمیں اپنے دیرینہ اور اصولی مؤقف کی بنیاد پر عالمی فورموں پر کشمیری عوام کے حق خودارادیت کے لئے زیادہ شدت سے آواز بلند کرنی چاہئے‘‘۔

(نوائے وقت 7 فروری 2008ء)

مکرم ڈاکٹر ملک نسیم اللہ خان صاحب

کیلے کے فوائد

یہ مقولہ تو آپ نے ضرور سنا ہوگا کہ ’’روزانہ ایک سیب کھایئے اور ڈاکٹر کو دور بھگایئے‘‘ مگر کیلے کے متعلق جدید تحقیق نے ثابت کیا ہے کہ ایک کیلا روزانہ کھانے سے سٹروک Stroke سے بچا جا سکتا ہے جن لوگوں کی خوراک میں پوٹاشیم نہیں ہوتی ان کو ایسے افراد کے مقابلہ میں جو پوٹاشیم کا استعمال کرتے ہیں۔ سٹروک یعنی فالج ہونے کا خطرہ ڈیڑھ گنا زیادہ ہوتا ہے اور کیلا پوٹاشیم حاصل کرنے کا بڑا ذریعہ ہے۔ جو بڑھاپے میں سٹروک کے خطرہ کو کم کرتا ہے اس کے علاوہ جو مریض پیشاب آور ادویات استعمال کرتے ہیں۔ ان کی پوٹاشیم کی کمی کیلا کھانے سے دور ہو جاتی ہے۔

انسانی جسم کو روزانہ کم سے کم 3.5 گرام پوٹاشیم کی مقدار درکار ہوتی ہے اور ایک بڑے کیلے میں 500 ملی گرام پوٹاشیم ہوتی ہے اس میں وٹامن B-6 بھی ہوتا ہے۔ جس کی انسانی جسم کو ضرورت ہوتی ہے کیلا قبض اور ہیضے کے لئے بھی مفید ہے۔ اس میں پچانوے فیصد کیلوری ہوتی ہے۔ جو لوگ دبلا ہونا چاہتے ہیں ان کو بھی کیلے کا استعمال کرنا چاہئے۔

اللہ تعالیٰ ہمیں حفظان صحت کے اُصولوں پر چلنے کی توفیق دے اور صحت وتندرستی والی لمبی زندگی عطاء فرمائے اور حتی المقدور خدمت خلق اور خدمت دین کرنے کی بھی توفیق دے۔

م۔ن

میرے بھائی مکرم مولانا مقبول احمد صاحب قریشی

میرے پیارے اور شفیق بھائی مکرم مقبول احمد قریشی صاحب جو محترم محمد اسمٰعیل صاحب معتبر رفیق حضرت مسیح موعود کے سب سے بڑے فرزند تھے۔ آپ 30 جون 1922ء کو پیدا ہوئے۔ بچپن سے ہی بہت ہونہار طالب علم، حلیم الطبع اور منکسر المزاج تھے۔ جب بڑے ہوئے تو والد صاحب نے انہیں فرمایا کہ میں نے تم کو وقف کر دیا ہے اب تم اپنی مرضی بتاؤ تو بھائی جان نے اپنی زندگی فوراً سلسلہ عالیہ احمدیہ کی خدمت کے لئے وقف کر دی اور جولائی 1946ء کو آپ کی درخواست کی منظوری آ گئی۔ ابا جان بے حد خوش ہوئے اور سجدہ شکر بجالائے۔

ہمارے والد صاحب کی سرکاری ملازمت ہونے کی وجہ سے مختلف مقامات پر تبدیلی ہوتی رہتی تھی۔ اس لئے جب بچے بڑے ہوئے تو انہوں نے محلّہ دارالرحمت قادیان میں مکان بنوا کر بیوی بچوں کو قادیان بھجوا دیا تاکہ قادیان کے روحانی ماحول میں ہماری پرورش اور تعلیم مکمل ہو سکے۔ ہماری والدہ صاحب اور ہم چار بہنیں اور چار بھائی قادیان میں رہائش پذیر ہوئے۔ ہماری پرورش اور دیکھ بھال کی ساری ذمہ داری ہماری والدہ صاحبہ کے علاوہ بھائی مقبول احمد صاحب پر تھی۔ قرآن کریم کے پڑھنے اور پنجگانہ نماز ادا کرنے کا خاص طور پر جائزہ اور اہتمام بھائی جان کرتے تھے۔ ہم سب بہن بھائیوں کی تعلیم و تربیت کا انتظام کرتے اور دیگر گھریلو امور سرانجام دیتے اور ہمارے تمام امور کی سرپرستی کرتے جس کی وجہ سے والد صاحب کی غیر موجودگی کا ہمیں احساس نہیں ہوتا تھا۔ انہوں نے یہ فریضہ بڑی خوش اسلوبی سے سرانجام دیا۔

بھائی مقبول احمد صاحب مرحوم بہت سچے اور سیدھے اور عاجزانہ راہوں پر چلنے والے انسان تھے ان کے قول و فعل میں تضاد بالکل نہیں تھا وہ واقعی مقبول شخصیت کے حامل تھے۔ اللہ تعالیٰ اور اس کے رسول ﷺ کے بعد والدین سے بے حد محبت کرتے اور ان سے عزت و تکریم سے پیش آتے اور ان کی بیماری یا پریشانی کی وجہ سے بے چین ہو جاتے اور ان کی خدمت بجالانے میں سرمو غفلت نہ کرتے۔ ہم نے کبھی بھی ان کی زبان سے اف تک کا لفظ نہیں سنا۔ غریبوں ناداروں اور مسکینوں کی جہاں وہ مدد کرتے وہاں عزیزوں اور رشتہ داروں کے ساتھ حسن سلوک اور نہایت ہی پیار اور شفقت سے پیش آتے۔ دور دور کے رشتہ داروں کے ساتھ تعلق رکھنے کے علاوہ ان کی ضرورتوں کو حتی المقدور پوری کرتے۔ ہم بہن بھائیوں میں سے جب بھی کسی کو پریشانی ہوتی وہ فوراً اس کا مداوا کرتے۔ خود بے حد سادہ زندگی بسر کرتے۔ سادہ مگر صاف ستھرے کپڑے پہنتے۔ سادہ خوراک اور کم خور تھے۔ ہر کام کو خود سرانجام دیتے اور کسی کام کو عار نہ سمجھتے تھے۔ اکثر پیدل چل کر رشتہ داروں اور عزیزوں کی ملاقات کرتے۔

وہ کفایت شعار ہونے کے باوجود کنجوس نہیں تھے۔ ہمیشہ موقع اور محل کے مطابق دل کھول کر رقم خرچ کرتے اور جو کچھ ان کو خدا تعالیٰ نے دیا اس پر صبر کرتے ہوئے قناعت سے کام لیتے۔ مجھے یاد ہے کہ جب میری ہمشیرہ مکرمہ امۃ الحفیظ صاحبہ بیوہ ہوئیں تو آپ بے حد پریشان ہوئے اور فوراً ان کی مالی خدمات بجالائے اور اس کے بعد بھی ماہانہ امداد کرتے رہے۔ آپ نے بڑی فعال اور پُر وقار زندگی گزاری۔ آپ دل کے مریض اور ضعیف العمر ہونے کے باوجود کسی پر بوجھ بننا پسند نہیں کرتے تھے۔ اپنی گاڑی خود چلا کر اپنی ضرورت کی اشیاء لاتے۔ مہمان نوازی خوش دلی سے کرتے اور ان کی خدمت بجالانے میں مسرت محسوس کرتے۔ سب چھوٹے اور بڑے اپنے مسائل لے کر آپ کے پاس جاتے اور تسلی بخش جواب پا کر واپس لوٹتے۔ میرے بچے جب بھی میری لینڈ جاتے تو ماموں مقبول احمد کے پاس گھنٹوں بیٹھے رہتے اور ان کی صحبت سے فیضیاب ہوتے۔ بچپن سے ہی جماعت کے کام میں دلچسپی لیتے اور جماعت کے فعال رکن کی حیثیت سے خدمات سرانجام دیتے اور تنظیمی امور میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیتے تھے۔ آپ کو دوستوں میں ایک اعلیٰ مقام حاصل تھا۔ مطالعہ کتب آپ کا محبوب مشغلہ تھا۔ آپ اپنی خواہشات کو بالائے طاق رکھ کر دوسروں کی خوشیوں کا خاص خیال رکھتے اور حسن اخلاق کی وجہ سے دوسروں کا دل موہ لیتے تھے اور ہمیشہ خندہ پیشانی سے ملتے اور اپنے خاندان بلکہ محلّہ میں ایک ممتاز حیثیت کے مالک تھے۔ جس کی وجہ سے بہت تکریم سے دیکھے جاتے تھے۔ آپ نے مولوی فاضل کا امتحان پاس کرنے کے بعد ایم اے عربی کا امتحان بھی پاس کیا جس میں خدا تعالیٰ کے فضل سے پنجاب یونیورسٹی میں اول آئے اور سونے کا تمغہ حاصل کیا۔

حضرت خلیفۃ المسیح الثالث جو اس وقت تعلیم الاسلام کالج کے پرنسپل تھے نے بھی کالج کی طرف سے سونے کا تمغہ اپنے ہاتھ سے انہیں پہنایا اور خوشی کا اظہار فرمایا۔ آپ کو چھ زبانوں یعنی پنجابی، اردو، عربی، انگلش، فرانسیسی اور فارسی پر عبور حاصل تھا۔

آئیوری کوسٹ مشن کے قیام کے بارے میں آپ فرماتے ہیں کہ 1960ء میں جب آئیوری کوسٹ آزاد ہوا تو حضرت خلیفۃ المسیح الثانی نے آئیوری کوسٹ میں نیا احمدیہ مشن قائم کرنے کا ارادہ کیا اور مجھے وہاں جانے کا ارشاد فرمایا۔ میں 25 نومبر 1960ء کو کراچی سے جہاز میں روانہ ہوا اور 27 نومبر 1960ء کو لیگوس پہنچا۔ چونکہ آئیوری کوسٹ نیا نیا آزاد ہوا تھا اس لئے ویزا اس وقت بھی فرانسیسی ایمبیسی دیتی تھی۔ لیگوس نائیجیریا میں پانچ ماہ قیام کے بعد گھانا چلا گیا تاکہ آئیوری کوسٹ کے لئے ویزا حاصل کر سکوں۔ میں عابد جان میں ایک دن رہا اور مجھے 24 گھنٹے کے اندر اندر ملک چھوڑنے کا حکم دیا گیا اور ویزا کی درخواست نامنظور ہو گئی میں دوبارہ گھانا چلا گیا وہاں سے پھر آئیوری کوسٹ کے ویزا کے حصول کے لئے درخواست دی۔ اسی دوران میں ڈاکار سینیگال گیا اور تین ماہ کا ویزا حاصل کیا اور یہ کسی بھی مشنری کا سینیگال کا پہلا دورہ تھا۔

9 مئی 1961ء کو میں بیتھرسٹ گیمبیا گیا اور وہاں سے 13 مئی 1961ء کو پھر ڈاکار سینیگال پہنچا مگر وہاں 10 جون 1961ء کو 24 گھنٹے کے اندر اندر مجھے ڈاکار چھوڑنے کا حکم ملا تو میں پھر بیتھرسٹ گیمبیا آ گیا جہاں مجھے حضور کی دعاؤں کے طفیل آئیوری کوسٹ کا ویزا مل گیا اور میں آئیوری کوسٹ چلا آیا۔ وہاں پر میں نے 21 نومبر 1963ء تک مشنری کے فرائض سرانجام دیئے اور ایک مناسب مقام پر گھر کرایہ پر لے لیا تھا۔

چونکہ وہاں کے اکثر مسلمان فرانسیسی زبان بولتے تھے اس لئے میں نے وہاں فرانسیسی زبان بھی سیکھی اور ایک ایک فرد سے ملنا شروع کیا اور دعوت الی اللہ کے نتیجہ میں ایک چھوٹی سی جماعت قائم ہوئی۔ جنہوں نے مالی مدد بھی کی اور دعوت الی اللہ کا فریضہ بھی سرانجام دیا اور وہاں اپنے اور غیر از جماعت لوگوں کو بھی پڑھانا شروع کر دیا پھر ہم نے اخباروں تک رسائی حاصل کی جن میں ہمارے انٹرویو چھپنے شروع ہو گئے اور اس پریس نے احمدیت کا پیغام لوگوں تک پہنچانے میں بڑی مدد کی۔ حضرت مسیح موعود کی کتاب ''اسلامی اصول کی فلاسفی'' کا فرانسیسی ترجمہ منگوا کر لوگوں میں تقسیم کیا گیا۔ جس کے ذریعہ سے کافی حد تک دین حق سے روشناس کرانے میں مدد ملی۔ نیز آپ نے قرآن مجید کے پہلے پارے کا بھی فرانسیسی میں ترجمہ کیا۔

آپ کے بعد 1963ء میں قریشی محمد افضل صاحب آئیوری کوسٹ کے مشنری مقرر ہوئے۔

مقبول احمد قریشی صاحب نے 1946ء میں اپنی زندگی خدمت سلسلہ کے لئے وقف کی اور مختلف ممالک میں بطور مشنری خدمات سرانجام دیں۔ چنانچہ 24 جنوری 1948ء کو مشنری کے طور پر لندن بھیجا گیا اور وہاں 9 دسمبر 1951ء تک فرائض سرانجام دینے کے بعد ربوہ تشریف لائے۔

محترم اے آر بنگالی صاحب مشنری انچارج امریکہ کے بعد آپ کو مشنری انچارج امریکہ کے طور پر خدمات بجالانے کا موقع ملا اور اس وقت ڈیٹن کو ہیڈ کوارٹر بنایا۔

ربوہ میں آپ مختلف عہدوں پر فائز رہے۔ آپ جامعۃ المبشرین کے پرنسپل رہے۔ بعد ازاں جامعہ احمدیہ میں پروفیسر کے فرائض سرانجام دیئے۔

جس زمانہ میں حضرت خلیفۃ المسیح الرابع جامعہ میں پڑھتے تھے تو اس وقت بھائی جان وہاں پڑھاتے تھے جس کا ذکر خود حضور نے میری ایک ملاقات میں فرمایا اور اسی طرح میرے بھائی کے ساتھ ملاقات میں بھی ذکر کر کے ہماری دلجوئی فرمائی۔

جامعۃ المبشرین ربوہ میں بطور لائبریرین بھی خدمات سرانجام دیں۔ وکالت تبشیر ربوہ میں بھی کچھ عرصہ کام کرنے کا موقع ملا۔ غیر ملکی طلبا کے ہوسٹل کے سپرنٹنڈنٹ بھی رہے۔

ضعیف العمر اور دل کے مریض ہونے کے باوجود 85 سال کی عمر تک باقاعدگی سے بیت الذکر میں جا کر نماز جمعہ ادا کرتے اور جمعہ کے روز تمام رشتہ دار ان کے ہاں جمع ہوتے یہ محض ان کے وجود اور حسن سلوک کی برکت تھی جو کہ ان کی وفات کے بعد بھی ان کی اہلیہ اور بیٹی منیرہ نسیم نے جاری رکھی ہے۔

دو سال قبل جبکہ آپ کا دل بہت کمزور ہو چکا تھا وہ جلسہ سالانہ انگلستان اور جرمنی میں شمولیت کے لئے تیار ہوئے اور ڈاکٹر صاحب سے مشورہ کرنے اور سفر کے لئے اجازت لینے کے لئے گئے تو ڈاکٹر صاحب نے جواب دیا کہ قریشی صاحب آپ کا دل اتنا کمزور ہو چکا ہے کہ معلوم نہیں کہ یہ اگلے منٹ میں دھڑکنا چھوڑ دے۔ اس لئے آپ ضرور جائیں اور اپنی زندگی سے لطف اندوز ہوں۔ اس کے بعد وہ امریکہ سے جلسہ سالانہ انگلستان میں شامل ہوئے وہاں میرے چھوٹے بھائی محمود احمد قریشی بھی لاہور سے آئے ہوئے تھے۔ وہاں جلسہ سالانہ کے علاوہ دونوں بھائیوں نے قریباً ایک ماہ کا عرصہ اکٹھے گزارا اور بہت خوش ہوئے۔

بعد ازاں دو سال انہوں نے جو گزارے۔ ان میں صحت کمزور رہی۔ پیدائشی طور پر ان کے دل میں سوراخ تھا مگر انہوں نے 85 سال فعال اور نافع الناس زندگی گزاری اور اس عرصہ میں جتنی خدمت دین و خدمت خلق کے مواقع ملے وہ بڑی مستعدی سے سرانجام دیئے۔

